© rasailojaraid.com

گو بین بڑا کام کرے گا۔ اگر مولانا علیہ الرحمۃ کی تفسیر کے شائع شدہ اجزا کا ترجمہ شائع کرتا رہے گا۔

**شہاب جونا گڈھ** مرتبین:۔ مولوی سید ابوظفر صاحب ندوی و قاضی احمد میاں صاحب اختر جوناگڑہی ضخامت ۴۸ صفحات سالانہ چندہ (عہ) روپیہ۔ ملنے کا پتہ دفتر شہاب کنگ روڈ جونا گڈھ کاٹھیاواڑ۔

اس رسالہ کے کاتب و مرتب ملک کے مشہور اہل قلم ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ کاٹھیاوار میں "اردو کی اشاعت کی جائے اور ایسے اسباب مہیا کئے جائیں جن سے اس زبان کی طرف لوگوں کو خود رغبت پیدا ہو"۔ اس پرچہ کے چھ خاص عنوانات ہیں: لمعات، اس کو معارف کے شذرات سمجھئے، مقالات، تاریخ، ادبیات منظومات۔ اور علمی خبریں۔ مقالات کے تحت پروفیسر سید محمد علی صاحب کا مضمون علم مواقیت الصلاۃ اور اسمٰعیل ابرہانی صاحب کا مضمون "انگریزی اعلیٰ تعلیم کا دردناک انجام"، اور تاریخ کے تحت مولوی سید ابوظفر صاحب ندوی کا مضمون "بوہرہ قوم کی اصلیت" قابل قدر مضامین ہیں۔

**تحفہ معراج شریف** از جناب حاجی رحیم بخش صاحب ایم۔ اے۔ ضخامت ۱۳۱ صفحات اس رسالہ میں جناب حاجی صاحب نے نہایت قابلیت سے مسئلہ معراج پر گفتگو فرمائی ہے اور قرآن میں تدبر اور آیات کا تتبع کر کے ثابت کیا ہے کہ معراج جسمانی تھی۔ اور جو الفاظ قائلین معراج روحانی کے لئے محل شک ہوئے ہیں کلام عرب سے ان کے معنی کی تحقیق کی ہے۔ حق یہ ہے کہ حاجی صاحب کا یہ رسالہ اس باب میں قول فیصل ہے۔

فصل فونٹن پن کا نیا اسٹاک

خوشنما پائیدار جدید دلکش نمونے

آپ اپنے لئے ایک قلم جلد منتخب فرما لیجئے۔ قیمت:۔ جونیر ۸/ للعہ سینیر عہ

اسٹیشنری کا سامان

ہر قسم کی اسٹیشنری تھوک اور چلر ہماری دوکان سے بہ کفایت خرید فرمائیے

فدا علی محمد علی اسٹیشنری مرچنٹ پتھر گٹی حیدرآباد

ٹیلیفون نمبر (۷۶۵)

© rasailojaraid.com